AQF / Hamid

05-06-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1 لوک سبھا انتخابات میں بی جے پی کی زیر قیادت NDA نے 292 سیٹیں جیت کر واضح اکثریت حاصل کی ہے۔ بی جے پی 240 سیٹوں کے ساتھ واحد سب سے بڑی پارٹی کے طور پر ابھری ہے۔

.2 وزیرِاعظم نریندر مودی نے اِسے بھارتی آئین اور ''سب کا ساتھ سب کا وکاس'' کے منتر میں بھروسے کی جیت سے تعبیر کیا ہے۔

.3 قومی جمہوری اتحاد NDA میں شامل پارٹیوں کی میٹنگ آج نئی دلّی میں ہونے والی ہے جس میں مستقبل کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔

.4 عالمی رہنماؤں نے لوک سبھا انتخابات میں لگاتار تیسری بار جیت حاصل کرنے پر وزیرِاعظم نریندر مودی اور بی جے پی کو مبارکباد دی ہے۔

.5 امتحان کے انعقاد سے متعلق ایجنسی نے انڈرگریجویٹ پروگرام میں داخلے کے امتحان NEET- UG کے نتیجوں کا اعلان کردیا ہے۔

.6 اور ٹی-ٹوینٹی کرکٹ ورلڈ کپ میں آج شام نیویارک میں بھارت کا مقابلہ آئر لینڈ سے ہوگا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

ELECTION ROUND UP

لوک سبھا انتخابات میں بی جے پی کی زیر قیادت NDA نے 292 سیٹیں جیت کر واضح اکثریت حاصل کی ہے۔ لوک سبھا کی سبھی 543 سیٹوں کے نتیجوں کا اعلان کردیا گیاہے۔ بی جے پی نے 240 سیٹیں جیتی ہیں جبکہ تیلگودیشم پارٹی کو 16 اور JD(u) کو 12 سیٹیں ملی ہیں۔ اِدھر آئی این ڈی آئی اے اتحاد نے 233 سیٹوں پر کامیابی حاصل کی ہے جبکہ 18 سیٹیں دیگر پارٹیوں کے حق میں گئی ہیں۔

کانگریس نے 99 سیٹیں جیتی ہیں جبکہ ساجوادی پارٹی کو 37 اور ترنمول کانگریس کو 29 سیٹیں ملی ہیں۔ DMK پارٹی نے 22 سیٹوں پر کامیابی حاصل کی ہے۔ جیتنے والے سرکردہ امیدواروں میں وارانسی سے وزیراعظم اور بی جے پی کے لیڈر نریندر مودی، گاندھی نگر سے مرکزی وزیر امت شاہ، بیکانیر سے ارجن رام میگھوال، جودھپور سے گجیندر سنگھ شیخاوت، Guna سے جیوترآدتیہ سندھیا، کوٹہ سے اوم برلا، مین پوری سیٹ سے ساجوادی پارٹی کی ڈمپل یادو اور آسنسول سے ترنمول کانگریس کے شتروگھن سنہا شامل ہیں۔ چناؤ ہارنے والے سرکردہ امیدواروں میں کھُنٹی سے مرکزی وزیر اور بی جے پی کے لیڈر ارجن منڈا، امیٹھی سے اسمرتی ایرانی، بارہمولہ سے نیشنل کانفرنس کے عمرعبداللہ اور انت ناگ سیٹ سے PDP کی محبوبہ مفتی شامل ہیں۔

اترپردیش میں لوک سبھا کی 80 سیٹوں میں سے 37 پر ساجوادی پارٹی نے کامیابی حاصل کی ہے جبکہ بی جے پی کو 33 سیٹیں ملی ہیں۔ کانگریس نے 6 اور راشٹریہ لوک دل نے دو سیٹیں جیتی ہیں۔

وزیراعظم نریندر مودی کانگریس کے امیدوار اجے رائے کو ڈیڑھ لاکھ سے زیادہ ووٹوں کے فرق سے ہراکر وارانسی سے چناؤ جیت گئے ہیں۔ بی جے پی کے ہی راجناتھ سنگھ نے ایک لاکھ 35 ہزار سے زیادہ ووٹوں کے فرق سے لکھنؤ سیٹ جیت لی ہے۔ کانگریس کے لیڈر راہل گاندھی کو رائے بریلی سیٹ سے منتخب قرار دیا گیا ہے۔ انہوں نے اپنے حریف بی جے پی کے امیدوار دنیش پرتاپ سنگھ کو تین لاکھ 90 ہزار سے زیادہ ووٹوں سے ہرایا۔ ساجوادی پارٹی کے اکھلیش یادو قنوج میں ایک لاکھ 70 ہزار سے زیادہ ووٹوں سے چناؤ جیت گئے ہیں۔

بی جے پی کی اسمرتی ایرانی امیٹھی میں کانگریس کے کشوری لال سے ہار گئی ہیں جبکہ Kheri میں بی جے پی کے اجے کمار، ساجوادی پارٹی کے اُتکرش ورما مَدُھر سے چناؤ ہار گئے ہیں۔ بی جے پی کی مینکا گاندھی بھی سلطان پور حلقے میں ساجوادی پارٹی کے Rambhual Nishad سے 43 ہزار سے زیادہ ووٹوں سے ہار گئی ہیں۔ بہار میں لوک سبھا کی 40 سیٹوں میں سے بی جے پی اور جے ڈی یو نے 12-12 سیٹوں پر جیت حاصل کی ہے۔ لوک جن شکتی پارٹی رام ولاس کو پانچ سیٹیں ملی ہیں۔ آرجے ڈی نے چار، کانگریس نے تین اور سی پی آئی ایم ایل نے دو سیٹوں پر کامیابی حاصل کی ہے۔

ہندوستانی عوام مورچہ سیکولر کے لیڈر جیتن رام مانجھی گیا سیٹ سے جیت گئے ہیں جبکہ آزاد امیدوار راجیش رنجن عرف پپویادو پورنیہ سے کامیاب ہوئے ہیں۔ دلّی میں لوک سبھا کی ساتوں سیٹوں پر بی جے پی کے امیدوار جیتے ہیں۔

پنجاب میں تیرہ سیٹوں میں سے سات سیٹوں پر کانگریس نے کامیابی حاصل کی ہے جبکہ تین سیٹیں عام آدمی پارٹی کو ملی ہیں۔ ایک سیٹ شرومنی اکالیدل کے حق میں گئی ہیں جبکہ دو سیٹوں پر آزاد امیدوار کامیاب ہوئے ہیں۔ ہریانہ میں بی جے پی اور کانگریس دونوں ہی نے پانچ پانچ سیٹیں جیتی ہیں۔

چنڈی گڑھ میں لوک سبھا کی واحد سیٹ پر کانگریس کے امیدوار منیش تیواری نے بی جے پی کے سنجے ٹنڈن کو ہرایا۔

جموں وکشمیر میں پانچ سیٹوں میں سے بی جے پی اور نیشنل کانفرنس نے دو دو سیٹیں جیتی ہیں جبکہ ایک سیٹ پر آزاد امیدوار کامیاب ہوا ہے۔ لداخ میں واحد پارلیمانی سیٹ پر آزاد امیدوار حاجی حنیفہ چناؤ جیت گئے ہیں۔

ہماچل پردیش میں بی جے پی نے لوک سبھا کی چاروں سیٹیں جیت لی ہیں۔ اِس شاندار کامیابی کے ساتھ ہی بی جے پی نے 2014 اور 2019 کی تاریخ کو دوہرایا ہے۔ جیتنے والے سرکردہ امیدواروں میں مرکزی وزیر انوراگ سنگھ ٹھاکر اور فلم اداکارہ کنگنا رنوت شامل ہیں۔ اتراکھنڈ میں بھی بی جے پی نے لوک سبھا کی پانچوں سیٹیں جیت لی ہیں۔

راجستھان میں لوک سبھا کی 25 سیٹوں میں سے 14 سیٹوں پر بی جے پی نے کامیابی حاصل کی ہے جبکہ آٹھ سیٹیں کانگریس کو ملی ہیں۔ گجرات میں 26 میں سے 25 سیٹوں پر بی جے پی نے زبردست کامیابی حاصل کی ہے جبکہ ایک سیٹ کانگریس کے حق میں گئی ہے۔ مہاراشٹر میں 48 سیٹوں میں سے 9 پر بی جے پی کامیاب ہوئی ہے جبکہ کانگریس نے تیرہ، شیوسینا ادھو گروپ نے 9، شیوسینا (SHS) نے سات اور NCP پوار نے 8 سیٹیں جیت ہیں۔ NCP صرف ایک سیٹ ملی ہے۔ گوا میں کانگریس نے ساؤتھ گوا سیٹ جیت لی ہے جبکہ بی جے پی کو نارتھ گوا سیٹ پر کامیابی ملی ہے۔

مدھیہ پردیش میں بی جے پی نے سبھی 29 سیٹیں جیت کر شاندار کامیابی حاصل کی ہے۔ چھتیس گڑھ میں بی جے پی نے 10 سیٹیں جیتی ہیں جبکہ ایک سیٹ کانگریس کو ملی ہے۔ بی جے پی کے امیدوار سنتوش پانڈے نے سابق وزیراعلیٰ اور کانگریس کے لیڈر بھوپیش بگھیل کو راج نند گاؤں حلقے میں ہرادیا۔ اوڈیشہ میں بی جے پی نے 20 سیٹیں جیت کر شاندار کامیابی حاصل کی ہے جبکہ کانگریس کو صرف ایک سیٹ ملی ہے۔ اِدھر بیجو جنتادل کو ایک بھی سیٹ نہیں مل سکی ہے۔

مغربی بنگال میں ترنمول کانگریس نے 29 سیٹیں جیتی ہیں۔ جیتنے والے سرکردہ امیدواروں میں ابھیشیک بنرجی، کیرتی آزاد اور شتروگھن سنہا شامل ہیں۔ ابھیشیک نے سات لاکھ سے زیادہ ووٹوں کے فرق سے چناؤ جیتا ہے۔ بی جے پی کو 12 سیٹیں ملی ہیں۔ آسام میں بی جے پی نے 9 سیٹیں جیتی ہیں جبکہ کانگریس کو تین سیٹیں ملی ہیں۔

آندھرا پردیش میں لوک سبھا کی 25 سیٹوں میں سے 16 سیٹوں پر تیلگودیشم پارٹی کامیاب ہوئی ہے جبکہ بی جے پی نے تین سیٹیں جیتی ہیں اور چار سیٹیں وائی ایس آر کانگریس پارٹی کے حق میں گئی ہیں۔ تلنگانہ میں لوک سبھا کی 17 سیٹوں میں سے بی جے پی اور کانگریس نے 8-8 سیٹیں جیتی ہیں جبکہ ایم آئی ایم کو ایک سیٹ ملی ہے۔ کیرالہ میں کانگریس کی زیر قیادت یونائیٹڈ ڈیموکریٹک فرنٹ یوڈی ایف نے 20 میں سے 18 سیٹیں جیت کر شاندار کامیابی حاصل کی ہے۔

تاریخ میں پہلی مرتبہ بی جے پی نے Thrissur میں سریش گوپی کی جیت کے ساتھ کیرالہ میں لوک سبھا سیٹ جیتی ہے۔ اِدھر کانگریس کے لیڈر راہل گاندھی وائے ناڑ میں Annie Raja ساڑھے تین لاکھ سے زیادہ ووٹوں سے ہرا کر پھر جیت گئے ہیں۔ مرکزی وزیر اور ترووانناپورم سے بی جے پی کے امیدوار راجیو چندرشیکھر، کانگریس کے ششی تھرور سے پندرہ ہزار سے زیادہ ووٹوں سے ہار گئے ہیں۔ x

**PM-BJP**

وزیراعظم اور سینئر BJP رہنما نریندر مودی نے کہا ہے کہ یہ بات یقینی ہے کہ NDA، مرکز میں لگاتار تیسری بار حکومت

تشکیل دے گا۔ BJP صدر دفتر میں پارٹی کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ اِن انتخابات میں لوگوں نے BJP اور NDA پر اعتماد ظاہر کیا ہے۔ S/B PM Cut-1

جناب مودی نے کہا کہ یہ بھارتی آئین اور سب کا ساتھ، سب کا وکاس کے نعرے پر اعتماد کی جیت ہے۔ انہوں نے انتخابی کمیشن اور اُن لوگوں کی بھی تعریف کی، جنہوں نے لوک سبھا کے 2024 کے انتخابات کو کامیابی سے ہمکنار کیا۔

S/B PM Cut-2

پارٹی صدر جے پی نڈا نے کہا کہ NDA کی تشکیل کے بعد بھارتی سیاست کی تاریخ میں ایسا پہلی بار ہے کہ کوئی اتحاد لگاتار تیسری بار، حکومت تشکیل دے گا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ اپوزیشن منفی سوچ کے ساتھ کام کرتی ہے اور انہوں نے پچھلے پانچ سال میں کوئی مثبت تعاون نہیں کیا۔سینئر BJP رہنما اور مرکزی وزراء امت شاہ اور راج ناتھ سنگھ، ودیگر سینئر رہنما بھی اس موقع پر موجود تھے۔×

**NDA-MEET**

NDA، لگاتار تیسری بار حکومت تشکیل دینے کیلئے، اپنے مستقبل کا لائحہ عمل طے کرنے کے مقصد سے آج راجدھانی میں میٹنگ کرے گا۔میڈیا سے بات کرتے ہوئے لوک جن شکتی پارٹی کے رہنما چراغ پاسوان نے کہا کہ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے، لوک سبھا انتخابات میں اُن کی پارٹی کی کارکردگی پر مبارک باد دی اور آج NDA کی میٹنگ کا بھی ذکر کیا۔ جناب پاسوان نے کہا کہ وہ اس میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ S/B Chirag Paswan

**MP RESULTS UPDATE**

بی جے پی نے مدھیہ پردیش میں لوک سبھا کی سبھی 29 سیٹیں جیت کر شاندار کامیابی حاصل کی ہے۔ کانگریس کو ایک بھی سیٹ نہیں مل سکی ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ V/C Sanjeev Sharma

*مدھیہ پردیش اور پورے ملک میں کامیابی ملنے پر گڑ بھوپال میں بی جے پی دفتر میں وجے اُتسو منایا گیا۔ اِس میں وزیرِاعلیٰ موہن یادو، بی جے پی کے ریاستی صدر وِشنو دت شرما اور سابق وزیرِاعلیٰ شیوراج سنگھ چوہان سمیت کئی سرکردہ رہنماؤں نے شرکت کی۔ بی جے پی نے لوک سبھا کی تاریخ میں اندور میں سب سے بڑی جیت حاصل کی ہے۔شنکر لالوانی گیارہ لاکھ 75 ہزار 92 ووٹوں کے ریکارڈ فرق سے چناؤ جیت گئے ہیں۔ اِندور سیٹ پر نوٹا دوسرے مقام پر رہا۔ نوٹا کے تحت دو لاکھ 18 ہزار 674 ووٹ ڈالے گئے جو کہ ایک ریکارڈ ہے۔ ریاست کے سابق وزیرِاعلیٰ شیوراج سنگھ چوہان ودیشا حلقے*

*میں 8 لاکھ 21 ہزار ووٹوں سے کامیاب ہوئے۔ وہ تینوں مرکزی وزیر ووٹوں کے بڑے فرق سے چناؤ جیت گئے ہیں، جنہوں نے مدھیہ پردیش سے چناؤ لڑا تھا۔ دوسری طرف کانگریس کے سرکردہ امیدوار دِگ وجے سنگھ راج گڑھ سیٹ سے ایک لاکھ 40 ہزار سے زیادہ ووٹوں سے ہار گئے ہیں۔ چھِندواڑہ سے کانگریس کے امیدوار نکُل ناتھ کو بھی شکست کا سامنا کرنا پڑا ہے۔*

*بھوپال سے سنجیو شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں شمیم عرفان*

**CABINET MEETING**

امید ہے کہ آج نئی دلّی میں مرکزی کابینہ کی میٹنگ ہوگی۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم نریندر مودی اس میٹنگ کی صدارت کریں گے اور مرکزی وزراء اس میں شرکت کریں گے۔×

**BREAK**

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**PM-GLOBAL LEADERS**

عالمی رہنماؤں نے وزیراعظم نریندر مودی اور اُن کی پارٹی کو، لوک سبھا انتخابات میں لگاتار تیسری بار کامیابی حاصل کرنے پر مبارک باد دی ہے۔ اِٹلی، ماریشس، بھوٹان، نیپال، مالدیپ اور سری لنکا کے رہنماؤں نے وزیراعظم کو، اُن کی جیت پر مبارک باد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں سری لنکا کے صدر رانل وکرما سنگھے نے وزیراعظم کو مبارک باد دیتے ہوئے، بھارت کے ساتھ شراکت داری کو مزید مستحکم بنانے کے اپنے عزم کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے دنیا کے سب سے بڑے جمہوری عمل کے،مکمل ہونے کا اعتراف کیا، جس میں بھارتی عوام نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔

بھوٹان کے وزیراعظم شیرنگ توبگے نے بھی دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات کو مزید فروغ دینے کیلئے، وزیراعظم مودی کے ساتھ قریبی طور پر کام کرنے کی خواہش کا اظہار کیا۔ اسی دوران وزیراعظم نے سبھی رہنماؤں کو، اُن کی طرف سے نیک خواہشات پیش کئے جانے اور اپنے رشتوں میں مزید گہرائی پیدا کرنے کیلئے مل کر کام کرنے کی جانب خواہش کے اظہار پر اُن کا شکریہ ادا کیا۔×

**NEET-RESULTS**

امتحانات منعقد کرانے والی قومی ایجنسی نے، اہلیت و داخلہ قومی امتحان NEET-UG کے نتائج کا اعلان کردیا ہے،

جو طلباء امتحان میں شریک ہوئے تھے، اپنے امتحان کے نتائج نیٹ کی ویب سائٹ exams.nta.ac.in پر دیکھ سکتے ہیں۔ اَنڈر گریجویٹ میڈیکل پروگرامس کا امتحان پچھلے مہینے 5 مئی کو کرایا گیا تھا۔ ×

## IMD-WEATHER

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے ملک کے شمال مغربی حصوں میں اگلے چار پانچ روز میں گرج چمک، بجلی اور زور دار ہواؤں کے ساتھ بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ اسی مدت کے دوران شمال مغربی اور مشرقی بھارت کے حصوں میں دور دراز کے مقامات پر شدید گرمی کے حالات میں کمی کا سلسلہ جاری رہنے کا امکان ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ جموں وکشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان، مظفرآباد، ہماچل پردیش، اتراکھنڈ، پنجاب، ہریانہ، راجستھان اور اترپردیش میں اس مہینے کی 8 تاریخ تک مغرب کی سمت سے ہونے والی موسم کی تبدیلی کے سبب گرج چمک، بجلی اور 40 کلو میٹر فی گھنٹے کی رفتار سے شدید ہواؤں کے ساتھ دور دور تک اور کہیں کہیں ہلکی بارش ہوگی۔

جنوب مغربی مانسون کے بارے میں موسمیات کے محکمے نے بتایا ہے کہ وسطی بحیرہ عرب کے باقی ماندہ حصوں، کرناٹک کے باقی ماندہ حصوں، جنوبی مہاراشٹر کے کچھ حصوں، تلنگانہ اور ساحلی آندھراپردیش کے کچھ اور حصوں، جنوبی اوڈیشہ، مغربی وسطی اور شمال مغربی خلیج بنگال کے کچھ اور حصوں میں اگلے تین سے چار روز میں جنوب مغربی مانسون کے مزید پیش قدمی کرنے کیلئے حالات سازگار ہیں۔ اس دوران IMD نے دلّی میں گرج چمک اور دھول بھری آندھی اور بارش کے ساتھ ممکنہ طور پر آسمان جزوی طور پر ابر آلود رہنے کا امکان ہے۔×

## T-20 WORDL CUP

ٹی-ٹوینٹی کرکٹ ورلڈ کپ میں آج نیویارک میں گروپ مرحلے کے پہلے میچ میں بھارت کا مقابلہ آئرلینڈ سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات 8 بجے شروع ہوگا۔ روہت شرما بھارتی ٹیم کی کمان سنبھالیں گے۔ بھارت اپنا دوسرا میچ اِس مہینے کی 9 تاریخ کو پاکستان کے خلاف کھیلے گا۔

اِدھر کل Dallas میں کھیلے گئے میچ میں نیدرلینڈس نے نیپال کو 6 وکٹ سے ہرادیا۔ نیدرلینڈس نے ٹاس جیت کر نیپال سے بلے بازی کرنے کو کہا اور اُس کی پوری ٹیم 19 اوورس اور دو گیندوں میں محض 106 رن بناکر آؤٹ ہوگئی۔ نیپال کے کپتان روہت Paudel نے سب سے زیادہ 35 رن اسکور کیے۔

نیدرلینڈس نے 107 رن کا جیت کا نشانہ 18 اوورس اور 4 گیندوں میں 4 وکٹ کھوکر حاصل کرلیا۔ اِدھر برج ٹاؤن میں انگلینڈ اور اسکاٹ لینڈ کے درمیان میچ بارش کی وجہ سے ترک کردیا گیا۔ اسکاٹ لینڈ نے 10 اوورس میں بغیر کسی نقصان کے 90 رن بنائے تھے کہ بارش کی وجہ سے کھیل روک دیا گیا۔ x

**TENNIS**

ٹینس میں بھارت کے سُمت ناگل، جرمنی میں Heilbronner Neckarcup چیلنجر ٹورنامنٹ کے دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئے ہیں۔ بھارت کے اس سرکردہ کھلاڑی نے سابق عالمی نمبر 16، جورجیا کے نِکولوز Basilashvili کو کل رات بتیسویں راؤنڈ میں چھ-دو، ایک-چھ، چھ-تین سے شکست دی۔ ناگل، تیسرے درجے کے کھلاڑی ہیں اور اب کل پری کوارٹرز میں اُن کا مقابلہ، اسپین کے Javier Barranco Cosano سے ہوگا۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... شبانہ رحمان

شکریہ - اسلم بیگ

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اخبارات نے لوک سبھا انتخابات کے نتائج سے متعلق خبروں کو اپنے پہلے صفحہ پر بڑی خبر کے طور پر شائع کیا ہے۔

اس سلسلے میں راشٹریہ سہارا کی سرخی ہے: این ڈی اے تیسری مرتبہ حکومت سازی کیلئے تیار۔ روزنامہ انقلاب نے وزیرِاعظم مودی کے اس بیان کو بڑی خبر کے طور پر پیش کیا ہے کہ یہ سب کا ساتھ، سب کا وکاس کی جیت ہے۔ روزنامہ ہندوستان ایکسپریس اور ملاپ نے دلّی کی تمام سات سیٹوں پر بی جے پی کے کامیاب ہونے کی خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ روزنامہ پرتاپ نے وزیرِاعظم نریندر مودی کے اس بیان کو خصوصیت کے ساتھ شائع کیا ہے کہ انتخابات میں عوام کی رائے حاصل ہونے پر لوگوں کا شکریہ ادا کیا ہے اور کہا کہ نئی طاقت کے ساتھ لوگوں کی خدمت کریں گے۔ اسی اخبار نے وائناڈ سے راہل گاندھی کے تقریباً دو لاکھ سے زیادہ ووٹوں سے کامیاب ہونے کی خبر کو پہلے صفحہ پر پیش کیا ہے۔

روزنامہ راشٹریہ کے بین الاقوامی صفحہ کی کچھ خبریں ہیں : سعودی عرب میں 9 لاکھ 35 ہزار سے زیادہ عازمین حج مکہ مکرمہ پہنچے۔ بنگلہ دیش کے سلہٹ شہر میں سیلاب سے 10 ہزار سے زیادہ کنبے متاثر۔ سعودی عراب اور برازیل کے مابین دفاعی تعاون پر ایک معاہدہ۔ روزنامہ انقلاب کے کھیلوں کے صفحہ کی ایک خبر ہے : ٹیم انڈیا کے مشن عالمی کپ کا آغاز آج۔ روہت کے ساتھ کوہلی کے اوپننگ کرنے کا امکان، بھارت پہلے میچ میں آئرلینڈ سے مقابلہ کرے گا۔×

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1. لوک سبھا انتخابات میں بی جے پی کی زیر قیادت NDA نے 292 سیٹیں جیت کر واضح اکثریت حاصل کی ہے۔ بی جے پی 240 سیٹوں کے ساتھ واحد سب سے بڑی پارٹی کے طور پر ابھری ہے۔
2. وزیراعظم نریندر مودی نے اِسے بھارتی آئین اور ''سب کا ساتھ سب کا وکاس'' کے منتر میں بھروسے کی جیت سے تعبیر کیا ہے۔
3. قومی جمہوری اتحاد NDA میں شامل پارٹیوں کی میٹنگ آج نئی دلّی میں ہونے والی ہے جس میں مستقبل کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔
4. عالمی رہنماؤں نے لوک سبھا انتخابات میں لگاتار تیسری بار جیت حاصل کرنے پر وزیراعظم نریندر مودی اور بی جے پی کو مبارکباد دی ہے۔
5. امتحان کے انعقاد سے متعلق ایجنسی نے انڈرگریجویٹ پروگرام میں داخلے کے امتحان NEET- UG کے نتیجوں کا اعلان کردیا ہے۔
6. اور ٹی-ٹوینٹی کرکٹ ورلڈ کپ میں آج شام نیویارک میں بھارت کا مقابلہ آئرلینڈ سے ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------------